# آزاد جموں و کشمیر تعلیمی بورڈ میرپور

## ماڈل پیپر فرسٹ اینول 2024

مضمون: معاشیات　　　　کلاس: سال دوم

(حصہ معروضی)

سوال نمبر 1۔ مندرجہ ذیل سوالات کے دیئے گئے جوابات میں سے درست ترین کا انتخاب کریں۔

| نمبر شمار | | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ان میں سے کون سا مسئلہ کلی معاشیات کے زیر بحث نہیں آتا؟ | قومی آمدنی | روزگار | سرمایہ کاری | فرم کی قیمتوں کا تعین |
| 2 | بغیر محنت ملنے والی رقوم کہلاتی ہیں۔ | معاوضہ | انتقالی ادائیگیاں | کمیشن | منافع |
| 3 | ایسا زر جس کی ظاہری قدر اور حقیقی قدر آپس میں برابر ہوں، کہلائے گا۔ | کاغذی زر | قریبی زر | معیاری زر | علامتی زر |
| 4 | زر کی مقدار بڑھنے سے زر کی قدر میں واقع ہوتی ہے؟ | اضافہ | بہتری | کمی | گردش |
| 5 | پاکستان میں زر محفوظ کا تناسب ہوتا ہے؟ | 33فیصد | 13فیصد | 43فیصد | 23فیصد |
| 6 | مرکزی بنک قیمتوں میں استحکام لانے کے لیے جو پالیسی اختیار کرتا ہے، اُسے کہتے ہیں؟ | قیمتی پالیسی | مالیاتی پالیسی | زری پالیسی | حکومتی پالیسی |
| 7 | ان میں سے کیا بالواسطہ ٹیکس میں شامل نہیں ہوتا؟ | انکم ٹیکس | ایکسائز ڈیوٹی | سیلز ٹیکس | کسٹم ڈیوٹی |
| 8 | بلاواسطہ ٹیکسوں کا بوجھ پڑتا ہے؟ | فیکٹریوں پر | آجرین پر | صارفین پر | دوکانداروں پر |
| 9 | عالمی تجارتی ادارے کا نام ہے؟ | IMF | GATT | World Bank | WTO |
| 10 | پاکستان میں فصلوں کے موسم ہوتے ہیں؟ | بہار اور خریف | خزاں اور خریف | ربیع اور خریف | خریف |
| 11 | فی کس آمدنی ہوتی ہے؟ | فی مزدور آمدنی | خاندانی آمدنی | فی فرد آمدنی | فی فرم آمدنی |
| 12 | معاشی ترقی سے مراد ہے؟ | قومی آمدنی میں اضافہ | زرعی آمدنی میں اضافہ | روزگار میں اضافہ | حقیقی قومی آمدنی میں اضافہ |
| 13 | پاکستان میں کتنے ڈرائی پورٹس کام کر رہے ہیں؟ | 8 | 10 | 15 | 50 |
| 14 | پاکستان میں آبادی میں اضافہ کی شرح ہے؟ | 1.89% | 2.4% | 1.2% | 1.5% |
| 15 | اشیا کی خریداری میں انٹرنیٹ کا استعمال کہلاتا ہے؟ | کامرس | ای۔کامرس | انٹرنل کامرس | ایکسٹرنل کامرس |
| 16 | مرکزی حکومت کس مد میں زیادہ اخراجات کرتی ہے؟ | سود کی ادائیگی | نظم و نسق | معاشی خدمات | دفاع |
| 17 | پاکستان میں تحفہ ٹیکس کا نفاذ ہوا؟ | 1949میں | 1959میں | 1953میں | 1963میں |
| 18 | پاکستان درآمد کرتا ہے۔ | چاول | ٹیکسٹائل مصنوعات | کھلیوں کا سامان | پٹرولیم مصنوعات |
| 19 | اسلام مخالف ہے۔ | اجارہ داریوں کا | مکمل مقابلہ کا | کاروبار کرنے کا | زراعت کا |
| 20 | احسان سے مراد ہے؟ | ہر کسی کو اس کا حق دینا | حق سے کم دینا | کسی کو اس کے حق سے زیادہ دینا | ظلم کرنا |

CS CamScanner

# معاشیات

(حصہ انشائیہ)

(حصہ اول)

سوالنمبر2۔ کوئی سے آٹھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 8x2=16

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | قومی آمدنی سے کیا مراد ہے؟ | ii | آمدنی اور انتقالی ادائیگیوں کا فرق تحریر کریں۔ |
| iii | قومی آمدنی کے دائروی بہاؤ کی ڈائیگرام بنائیں۔ | iv | کینز کی بیان کردہ زر کی تعریف لکھیں۔ |
| v | حکمی چیک اور حامل چیک میں فرق تحریر کریں۔ | vi | مدتی اور درشنی ہنڈی میں فرق لکھیں۔ |
| vii | قرض حسنہ سے کیا مراد ہے؟ | viii | زر اعتبار تخلیق کرنے کے شرائط تحریر کریں۔ |
| ix | نفع و نقصان کے شراکتی کھاتوں سے کیا مراد ہے؟ | x | آدم سمتھ کے ٹیکس عائد کرنے کے اصولوں کے نام لکھیں۔ |
| xi | ٹیکس کی کوئی سے چار اقسام تحریر کریں۔ | xii | سرکاری مالیات کے چار اجزا کے نام تحریر کریں۔ |

سوالنمبر3۔ کوئی سے آٹھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 8x2=16

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | تقابلی برتری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ | ii | حساب سرمایہ اور حساب رواں میں فرق کریں۔ |
| iii | بین الاقوامی تجارت کے چار فوائد تحریر کریں۔ | iv | ٹیکس کلچر سے کیا مراد ہے؟ |
| v | فی کس آمدنی معلوم کرنے کا فارمولا لکھیں۔ | vi | پاکستان میں فی کس آمدنی کم ہونے کی کوئی سی چار وجوہات لکھیں۔ |
| vii | معاشی ترقی سے کیا مراد ہے؟ | viii | کون سے تین عوامل معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں؟ |
| ix | صنعتی شعبے کے کوئی سے چار مسائل تحریر کریں۔ | x | پاکستان کی چار اہم صنعتوں کے نام لکھیں۔ |
| xi | پاکستان کی چار اہم برآمدات کے نام لکھیں۔ | xii | پاکستانی معشیت کے شعبہ جات کے نام لکھیں۔ |

سوالنمبر4۔ کوئی سے نو اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 9x2=18

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | بے روزگاری سے کیا مراد ہے؟ | ii | ڈرائی پورٹ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| iii | افراطِ زر کی اقسام تحریر کریں۔ | iv | بازار زر سے کیا مراد ہے؟ |
| v | صنعتی ترقیاتی بنک کیا فرائض سرانجام دیتا ہے؟ کوئی سے چار کے نام لکھیں۔ | vi | شرح ٹیکس کے لحاظ سے ٹیکس کی اقسام کون سی ہیں؟ |
| vii | حکومت پاکستان کی آمدنی کے کوئی سے چار ذرائع تحریر کریں۔ | viii | آبیانہ سے کیا مراد ہے؟ |
| ix | توازن تجارت سے کیا مراد ہے؟ | x | توازنِ ادائیگی کب موافق ہوتی ہے؟ |
| xi | معاشی عدل سے کیا مراد ہے؟ | xii | اسلام میں ملکیت کے تصور کو واضح کریں۔ |
| xiii | احسان کا معاشی اطلاق تحریر کریں۔ | | |

(حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x3=30

سوال نمبر5۔ زر سے کیا مراد ہے؟ زر کے فرائض تحریر کریں۔

سوال نمبر6۔ ٹیکس عائد کرنے کے اُصول تحریر کریں۔

سوال نمبر7۔ توازن تجارت اور توازن ادائیگی میں فرق کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر8۔ پاکستان کے صنعتی شعبے کے کوئی سے پانچ مسائل کے حل تحریر کریں۔

سوال نمبر9۔ صوبائی حکومتیں کن مدات پر اخراجات کرتی ہیں، کوئی سے پانچ تحریر کریں؟

CS CamScanner